## سوال

(31) مقدس کاغذات کی ڈاک کے ذریعے بے ادبی

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترم اہم خط میں اللہ کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لکھتے ہیں بعض اوقات رسائل وغیرہ آتے ہیں جن میں آیات قرآنی لکھی ہوتی ہیں۔ ان کا ڈاک کے زریعے آنا درست ہے یا نہیں؟ ڈاک کے زریعے آنے کی صورت میں بے ادبی ہوگی یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآنی آیات اور اسم الٰہی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک پر مشتمل رسائل وخطوط کو بزریعہ ڈاک بھیجنے کا کوئی حرج نہیں جائز ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روساء وملوک اور امراء کی طرف ارسال کردہ پیغامات اس امر کی واضح دلیل ہیں۔ (انظر القم المسلسل (٣) (١) ملاحظہ ہو( صحیح بخاری بدء الوحی اور کتاب الشروط وغیرہ)

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص211

محدث فتویٰ